امام کے لئے امامت کی نیت کرنے کا حکم

مجیب: مولانا احمد سلیم عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2553

تاریخ اجراء: 02 رمضان المبارک 1445ھ / 13 مارچ 2024ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر کوئی شخص امامت کے لیے کھڑا ہو تو اسے کیا نیت کرنی چاہیئے اور کیا نماز کی نیت کر سکتا ہے یا اس کے لیے امامت کی نیت کرنا ضروری ہے، اس حوالے سے رہنمائی فرمادیں؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

مقتدیوں کی نماز صحیح ہونے کے لئے امام کا امامت کی نیت کرنا ضروری نہیں ہے، ہاں امامت کا ثواب لینے کے لئے امامت کی نیت کرنا ضروری ہے، لہذا اگر امام نے امامت کی نیت نہ کی تو اگرچہ یہ امام بن جائے گا اور مقتدیوں کی نماز ہو جائے گی مگر یہ جماعت کا ثواب نہ پائے گا۔

لہذا امام دل میں یہ ارادہ کرے کہ میں فلاں نماز کی امامت کر رہا ہوں کیونکہ نیت دل کے ارادے ہی کا نام ہے اور امامت کا ثواب حاصل کرنے کے لئے زبان سے کہنا ضروری نہیں، ہاں دل میں ارادہ ہوتے ہوئے زبان سے بھی الفاظ ادا کر لئے جائیں تو بہتر ہے۔

در مختار میں ہے ”(والإمام ينوي صلاته فقط) و(لا) يشترط لصحة الاقتداء نية (إمامة المقتدي) بل لنيل الثواب عند اقتداء أحد به“ ترجمہ: اور امام صرف اپنی نماز کی نیت کرے گا اور اقتداء کے صحیح ہونے کے لئے مقتدی کی امامت کی نیت شرط نہیں بلکہ ثواب حاصل کرنے کے لئے (مقتدی کی امامت کی نیت کرنا شرط ہے) اس وقت جب کوئی اس امام کی اقتداء کر رہا ہو۔ (درمختار مع ردالمحتار، کتاب الصلاۃ، ج 1، ص 424، دار الفکر، بیروت)

بہار شریعت میں ہے ”مقتدی کو اقتدا کی نیت بھی ضروری ہے اور امام کو نیت اِمامت مقتدی کی نماز صحیح ہونے کے لیے ضروری نہیں، یہاں تک کہ اگر امام نے یہ قصد کرلیا کہ میں فلاں کا امام نہیں ہوں اور اس نے اس کی اقتدا کی نماز ہوگئی، مگر امام نے اِمامت کی نیت نہ کی تو ثواب جماعت نہ پائے گا اور ثواب جماعت حاصل ہونے کے لیے مقتدی کی

شرکت سے پیشتر نیت کرلینا ضروری نہیں، بلکہ وقت شرکت بھی نیت کر سکتا ہے۔(بہار شریعت، ج1، حصہ3، ص495، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net